دارالافتاء

حضرت مولانا مفتی عبدالواحد صاحب

جناب مفتی صاحب

۱۔ کیا ٹیلی فون ، انٹرنیٹ ، کلوز سرکٹ ٹی وی وغیرہ پر نکاح منعقد ہو جاتا ہے۔ جامع جواب عنایت فرماویں۔

۲۔ اگر نکاح مذکورہ صورتوں میں منعقد نہیں ہوتا تو مہربانی فرماکر متبادل صورت جبکہ فریقین ایک دوسرے سے دُور ہوں بتلادیں۔

الجواب باسم ملہم الصواب حامداو مصلیا

ان میں سے کسی بھی صورت میں نکاح صحیح نہیں کیونکہ نکاح کے لیے دو گواہوں کی گواہی ضروری ہے اور گواہی کے لیے ضروری ہے کہ گواہ عقد کرنے والوں کے الفاظ براہِ راست (یعنی بغیر کسی واسطے کے) اُن کے مُنہ سے خود سُنیں اور دونوں گواہ بیک وقت سُنیں چونکہ مذکورہ صورتوں میں یہ شرط پُوری نہیں ہوتی اس لیے یہ نکاح صحیح نہ ہوں گے۔ متبادل یہ ہے کہ زوجین میں سے ایک، کسی کو اپنی جانب سے نکاح کا وکیل مقرر کر دے اور وکیل نکاح کے وقت یُوں کہے کہ مَیں نے فلاں کی طرف سے قبول کیا۔ فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

عبدالواحد غفرلہٗ

۶ ر رجب المرجب

۱۴۲۲ھ